PM congratulates His Majesty King Abdullah II and people of Hashemite Kingdom of Jordan on the occasion of the 100th anniversary of the founding of the state of Jordan

April 13, 2021

اردن پر موقع کے سالگرہ ویں100 کی قیام کے اردن مملکت نے اعظم وزیر مبارکباد کو عوام کے اردن ہاشمیہ مملکت اور دوئم عبداللہ شاہ عالیجاہ کے کی پیش

13 اپریل ، 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے ایک ویڈیو پیغام کے ذریعہ مملکت اردن کے قیام کی 100 ویں سالگرہ کے موقع پر اردن کےعالیجاہ شاہ عبداللہ دوئم اور مملکت ہاشمیہ اردن کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔

اپنے ویڈیو پیغام میں وزیر اعظم نے عالیجاہ شاہ عبداللہ دوئم اور اردن کے عوام کو صمیم قلب سے پُرجوش مبارکباد دی۔ وزیر اعظم مودی نے عالیجاہ کی دور اندیش قیادت کی تعریف کی ، جن کی قیادت میں اردن نے پائیدار اور جامع ترقی حاصل کی ہے اور معاشی ،سماجی و ثقافتی شعبوں میں نمایاں پیشرفت کی ہے۔ مغربی ایشیاء میں قیام امن کے فروغ میں وزیر اعظم نے شاہ عبداللہ دوئم کے کلیدی کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اردن آج ایک طاقتور آواز اور اعتدال کی عالمی علامت کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔

ہندوستان اور اردن کے مابین تعلقات کو مزید وسعت دیتے ہوئے وزیر اعظم نے عالیجاہ شاہ عبداللہ دوئم کے 2018 میں ہندوستان کے تاریخی دورے کو گرمجوشی کے ساتھ یاد کیا ، جس کے دوران شاہ عبداللہ دوئم نے 2004 میں رواداری ، اتحاد اور انسانیت کے احترام کے عمان کےپیغام کا اعادہ کیا تھا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان اور اردن اس یقین پر متحد ہیں کہ امن اور خوشحالی کے لئے اعتدال پسندی اور پرامن بقائے باہمی ضروری ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ فریقین پوری انسانیت کے عظیم تر مستقبل کے لئے مشترکہ کوششوں میں شانہ بہ شانہ چلتے رہیں گے۔

نئی دہلی

13 اپریل ، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.